4721CH25

سبق 25

# جگنو

جگنوایک روشنی دینے والا پتنگا ہے۔آپ نے برسات کے موسم میں شام کے وقت اِسے چمکتے ہوئے



ضرور دیکھا ہوگا۔جگنو کے بارے میں کچھ ایسی دلچسپ باتیں بھی ہیں،جن کو ہم میں سے بہت کم لوگ جانتے ہیں۔مثلاً کچھ ملکوں میں جگنو کو شہد کی مکھیّوں کی طرح پالا جاتا ہے۔اُن کی روشنی ہندوستان میں

پائے جانے والے جگنوؤں سے زیادہ تیز ہوتی ہے۔ لوگ انھیں غباروں میں بھر کر رات کے وقت سجاوٹ کے لیے اپنے گھروں میں لٹکاتے ہیں۔

امریکہ میں ایک ایسا جگنو بھی پایا جاتا ہے۔ جس کی لمبائی تین اِنچ ہوتی ہے۔ اگر اس قسم کے دس بارہ جگنو کسی بوتل میں بند کر کے کمرے میں رکھ دیے جائیں تو یہ بوتل ٹیبل لیمپ کا کام دے سکتی ہے۔



برازیل کا جگنو دو اِنچ تک لمبا ہوتا ہے، اس کی روشنی میں کتابیں پڑھی جاتی ہیں۔ عورتیں انھیں دھاگے میں پرو کر بالوں میں گجرے کی طرح ٹانکتی ہیں۔ ان جگنوؤں کے انڈے بھی چمکدار ہوتے ہیں۔ قومی تہواروں میں جگنو خوب بیچے اور خریدے جاتے ہیں۔

جگنو جب سانس لیتا ہے تو روشنی پیدا ہوتی ہے۔ اس لیے کبھی وہ چمکتا ہے اور کبھی بُجھ جاتا



not to be republished
2019-20



ہے۔ اگر وہ تیز تیز سانس لینا شروع کر دے تو لگا تار چمکتا ہوا دکھائی دے گا۔

کیڑے مکوڑوں کو کھانے والے پرندے جگنو کو آگ سمجھتے ہیں، ڈر کی وجہ سے وہ اُن کا شکار نہیں کرتے۔ چمگادڑ اور اُلّو تو اس سے بے حد خوف زدہ رہتے ہیں، حالانکہ جگنو خود کسی ماہر شکاری کی طرح شکار کرتا ہے۔

جگنو کی چھے ٹانگیں ہوتی ہیں۔ لیکن ان کی مدد سے وہ اوپر جا نہیں سکتا۔ وہ اپنے جسم سے ایک قسم کا لُعاب نکالتا ہے جس سے چپک چپک کر وہ دیوار یا درخت پر چڑھ جاتا ہے۔

دن کے وقت جگنو پتّوں، گھاس پھوس اور پودوں میں چھُپا رہتا ہے اور شام کے وقت باہر نکلتا ہے۔ جگنو اپنی چمک دمک اور روشنی کی وجہ سے بچوں اور بڑوں دونوں کو اپنی طرف متوجّہ کرتا ہے۔

ادارہ



2019-20

# مشق



## معنی یاد کیجیے

| | | |
|---|---|---|
| پتنگا | : | اُڑنے والا کیڑا |
| دلچسپ | : | دل کو بھانے والا |
| خرید و فروخت | : | خریدنا، بیچنا |
| خوف زدہ | : | ڈرا ہوا |
| گجرا | : | پھولوں کا ہار جو عورتیں اپنے بالوں میں لگاتی ہیں |
| ٹانکنا | : | لگانا |
| ماہر شکاری | : | وہ شکاری جسے اچھی طرح شکار کرنا آتا ہے |
| لُعاب | : | تھوک، چپکنے والی چیز |
| چمک دمک | : | سجاوٹ، جھلک |
| متوجّہ کرنا | : | دھیان دلانا |



## ان سوالوں کے جواب دیجیے

1. جگنو کب چمکتا ہے؟
2. جگنوؤں کو غبارے میں کیوں بھرتے ہیں؟
3. امریکہ میں پائے جانے والے جگنو کی کیا خوبی ہے؟

© NCERT not to be republished



2019-20

4. برازیل میں جگنوؤں کا کیا استعمال ہوتا ہے؟

5. جگنو میں روشنی کس طرح پیدا ہوتی ہے؟

6. پرندے جگنو کا شکار کیوں نہیں کرتے؟

7. جگنو دن میں کہاں رہتا ہے؟



## نیچے دیے ہوئے لفظوں کو جملے میں استعمال کروائیے

جگنو　　برسات　　چمکدار　　روشن　　خوف　　شکاری



## خالی جگہوں کو بھروائیے

لوگ انھیں ........... میں بھر کر رات کے وقت ........... کے لیے اپنے گھروں میں لٹکاتے ہیں۔

برازیل کا جگنو ........... تک لمبا ہوتا ہے۔

وہ اپنے جسم سے ایک قسم کا ........... نکالتا ہے۔



## ان لفظوں کے متضاد لکھوائیے

روشن　　اندھیرا　　رات　　تیز　　چڑھنا



## ان لفظوں کی جمع لکھوائیے

درخت　　شاعر　　حقیقت　　وقت　　مدد

© NCERT not to be republished

## عملی کام



جگنو پر لکھی ہوئی نظمیں تلاش کر کے اپنی کاپی میں خوش خط لکھیے



جس طرح لفظ چمک میں 'دار' جوڑ کر لفظ 'چمک دار' بنتا ہے اسی طرح آپ "دار" جوڑ کر پانچ الفاظ بنائیے

## غور کرنے کی بات

خدا نے دنیا میں طرح طرح کی چیزیں پیدا کی ہیں جگنو کو ہی دیکھیے تو حیرت ہوتی ہے کہ ایک ننھّے سے کیڑے میں کیا کیا خوبیاں پائی جاتی ہیں۔ جگنو دوسرے کیڑوں سے نہ صرف مختلف ہے بلکہ سبق سے اندازہ ہوتا ہے کہ اپنی روشنی سے لوگوں کو طرح طرح کے فائدے بھی پہنچاتا ہے۔

© NCERT not to be republished



2019-20